# University College of Management & Sciences

1-KM Kabirwala Road, Khanewal, Pakistan


| | |
|---|---|
| Letter ID: | 701710000088 |
| Dated: | 14/January/2026 14:03 |
| Revision: | Charlie |

# یونیورسٹی ڈسپلن پالیسی

## طلبہ کے لیے درج ذیل سرگرمیاں سختی سے ممنوع ہیں:

- اساتذہ و یونیورسٹی سٹاف کی عزت و احترام کرنا تمام طلبہ و طالبات پر لازم ہے۔ لہذا کسی بھی استاد کے ساتھ بد تمیزی، خواہ کلاس روم کے اندر ہو یا باہر ناقابل معافی جرم ہے، شکائت ملنے پر متعلقہ طالب علم پر ایک ہزار روپے سے دس ہزار روپے تک جرمانہ عائد کیا جائے گا۔
- موبائل فون کے کیمرے یا کسی بھی الیکٹرانک ڈیوائس کا غلط استعمال، یا بغیر اجازت استعمال کرنے کی صورت میں پانچ ہزار روپے سے دس ہزار روپے تک جرمانہ ہو گا۔
- موبائل فون یا کسی بھی دوسرے آلے پر موسیقی چلانا سختی سے منع ہے۔ خلاف ورزی کی صورت میں ایک ہزار روپے سے دس ہزار روپے تک جرمانہ کیا جا سکتا ہے۔
- طلبہ کو راہداریوں سے بینچ یا کرسیاں ہٹانے یا انہیں گراؤنڈ میں لے جانے کی اجازت نہیں ہے۔ خلاف ورزی کی صورت میں جرمانہ عائد کیا جائے گا۔
- کلاس روم میں کھانا کھانے کی اجازت نہیں ہے۔ اس ضابطے کی خلاف ورزی پر جرمانہ ہو گا۔
- کیمپس کے کسی بھی حصے میں سگریٹ نوشی سختی سے ممنوع ہے۔ خلاف ورزی کی صورت میں جرمانہ عائد کیا جائے گا۔
- مقررہ ڈسٹ بن کے علاوہ کہیں بھی کچرا یا ریپرز پھینکنا منع ہے۔ مناسب تادیبی کارروائی کی جائے گی۔
- کیمپس میں جوڑوں کی صورت میں بیٹھنا منع ہے۔ خلاف ورزی کرنے والے طلبہ کے خلاف کارروائی کی جائے گی۔
- کیمپس میں ٹک ٹاک یا اسی نوعیت کی ویڈیوز بنانا، خصوصاً وہ ویڈیوز جو اخلاقی، سماجی یا معاشرتی اقدار کے خلاف ہوں، سختی سے منع ہے۔ خلاف ورزی کی صورت میں تادیبی کارروائی کی جائے گی۔
- لڑائی جھگڑا، ہاتھا پائی یا کسی بھی غیر اخلاقی یا نامناسب سرگرمی میں ملوث طلبہ کے خلاف جرمانہ اور نظم و ضبط کے تحت کارروائی کی جائے گی۔

## اضافی قواعد وضوابط:

- یونیورسٹی ٹرانسپورٹ کے قوانین کی خلاف ورزی کرنے والے طلبہ کے خلاف تادیبی کارروائی کی جائے گی۔
- یونیورسٹی کی املاک اور دوسروں کی ملکیت کا احترام لازم ہے۔ توڑ پھوڑ، چوری یا نقصان کی صورت میں کارروائی ہوگی۔
- تعلیمی ماحول میں خلل ڈالنے والا شور یا بدنظمی سختی سے منع ہے۔
- کیمپس میں کسی بھی جگہ، بشمول بیک گارڈن، پھل یا سبزیاں توڑنا سختی سے منع ہے۔ خلاف ورزی پر تادیبی کارروائی ہوگی۔

## ہراسانی اور غنڈہ گردی سے متعلق پالیسی:

- یونیورسٹی میں جسمانی، زبانی یا ڈیجیٹل ہراسانی، غنڈہ گردی، تعاقب یا نسل، جنس یا مذہب کی بنیاد پر امتیاز کے لیے زیرو ٹالرنس پالیسی نافذ ہے۔
- ہراسانی یا غنڈہ گردی میں ملوث طالب علم پر پانچ ہزار روپے جرمانہ عائد کیا جائے گا اور کیمپس میں داخلے پر پابندی بھی لگائی جاسکتی ہے۔

## توڑ پھوڑ اور بدنظمی:

- یونیورسٹی کی املاک کو نقصان پہنچانے، دیواروں پر لکھائی، فرنیچر توڑنے یا لیبارٹری آلات کے غلط استعمال پر ایک ہزار روپے سے دس ہزار روپے تک جرمانہ ہوگا۔
- تدریسی یا تعلیمی عمل میں خلل ڈالنے والا رویہ، جیسے لائبریری میں شور یا لیکچر میں مداخلت، سختی سے منع ہے۔

## حفاظت اور ٹیکنالوجی سے متعلق پالیسی:

- ہتھیار پالیسی: کسی بھی قسم کے اسلحہ یا خطرناک ہتھیار کا کیمپس میں لانا سختی سے منع ہے۔
- آئی ٹی استعمال پالیسی: یونیورسٹی وائی فائی کا غیر قانونی استعمال، غیر مجاز ڈاؤن لوڈنگ، سائبر سرگرمیاں یا ممنوعہ مواد تک رسائی منع ہے۔
- شناختی کارڈ پالیسی: طلبہ کے لیے ہر وقت یونیورسٹی شناختی کارڈ ساتھ رکھنا لازم ہے اور طلب کیے جانے پر پیش کرنا ہوگا۔

**شائستگی اور طرزِ عمل کے قواعد:**

- یونیورسٹی قواعد کے مطابق جوڑوں کا کیمپس میں اکٹھے بیٹھنا منع ہے۔
- طلبہ کو اپنے طرزِ عمل میں سماجی، ثقافتی اور مذہبی اقدار کی مکمل پابندی کرنا ہوگی۔
- طلبہ وطالبات کے درمیان باہمی تعامل صرف تعلیمی مقاصد تک محدود ہونا چاہیے۔ عوامی یا تنہا مقامات پر بلاضرورت میل جول کی اجازت نہیں ہے۔ طلبہ و طالبات کو بغیر کسی جائز تعلیمی وجہ کے جوڑوں کی صورت میں یا انفرادی طور پر کلاس رومز کے اندر بیٹھنے کی سختی سے ممانعت ہے۔
- غیر ضروری قربت، جیسے حد سے زیادہ قریب بیٹھنا، ہاتھ پکڑنا یا کلاس رومز یا سنسان جگہوں پر اکیلے ہونا منع ہے۔ خلاف ورزی کی صورت میں دو ہزار روپے جرمانہ عائد کیا جائے گا۔

---

**نوٹ:**

خلاف ورزی کی نوعیت کے مطابق جرمانہ، والدین یا سرپرستوں کو طلب کرنا، معطلی یا یونیورسٹی سے اخراج بھی کیا جا سکتا ہے۔

---

چیئر پرسن / ڈسپلن انچارج

(جناب محبوب ریاض)

ریکٹر

(پروفیسر ڈاکٹر عمیر اصغر)

701710000088